www.isijournal.net

313

F

313F

نام :

نام خانوادگی :

محل امضاء :

اگر دانشگاه اصلاح شود مملکت اصلاح می‌شود.
امام خمینی (ره)

جمهوری اسلامی ایران
وزارت علوم، تحقیقات و فناوری
سازمان سنجش آموزش کشور

صبح پنج‌شنبه
۹۲/۱۱/۱۷

# آزمون ورودی دوره‌های کارشناسی ارشد ناپیوسته داخل ـ سال ۱۳۹۳

## زبان و ادبیات اردو ـ کد ۱۱۲۹

تعداد سؤال: ۱۲۰     مدت پاسخگویی: ۱۲۰ دقیقه

عنوان مواد امتحانی، تعداد و شماره سؤالات

| ردیف | مواد امتحانی | تعداد سؤال | از شماره | تا شماره |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ادبیات منظوم | ۳۰ | ۱ | ۳۰ |
| ۲ | متون تخصصی | ۲۰ | ۳۱ | ۵۰ |
| ۳ | ادبیات منثور | ۲۵ | ۵۱ | ۷۵ |
| ۴ | دستور زبان تخصصی اردو | ۲۵ | ۷۶ | ۱۰۰ |
| ۵ | تاریخ ادبیات اردو | ۱۰ | ۱۰۱ | ۱۱۰ |
| ۶ | ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی | ۱۰ | ۱۱۱ | ۱۲۰ |

بهمن ماه سال ۱۳۹۲

استفاده از ماشین حساب مجاز نمی‌باشد.

این آزمون نمرهٔ منفی دارد.

مؤسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



## ادبیات منظوم

۱. مندرجہ ذیل شعر میں ارکان تشبیہ کی نشاندہی کیجیے:

جہاں میں اہل ایماں صورت خورشید جیتے ہیں
اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے، اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱: مشبہ: اہل ایماں | مشبہ بہ: خورشید | وجہ شبہ: طلوع و غروب | حرف شبہ: صورت |
| ۲: مشبہ: جہاں | مشبہ بہ: خورشید | وجہ شبہ: اہل ایماں | حرف شبہ: صورت |
| ۳: مشبہ: خورشید | مشبہ بہ: اہل ایماں | وجہ شبہ: ادھر ادھر | حرف شبہ: صورت |
| ۴: مشبہ: اہل ایماں | مشبہ بہ: جہاں | وجہ شبہ: طلوع و غروب | حرف شبہ: صورت |

۲. کنایہ کی صحیح تعریف کونسی ہے؟

۱: کسی لفظ کے مجازی معنی کو چھوڑ کر، حقیقی معنی کو مراد لینا، کنایہ کہلاتا ہے۔

۲: شعر میں دو ہم معنی الفاظ کا ایسا استعمال کرنا کہ کبھی نزدیک اور کبھی دور کا مفہوم مطلوب ہو، کنایہ ہے۔

۳: کسی لفظ کو استعمال کرکے، اس کے اصل معنی کی بجائے، اس کے لازمی معنی مراد لینا، بشرطے کہ اصل معنی مراد لینا بھی ممکن ہو۔

۴: کسی لفظ کو اپنے حقیقی معنی کے بجائے، مجازی معنوں میں استعمال کرنا، جبکہ اس کے حقیقی اور مجازی معنی میں تشبیہ کے علاوہ، کوئی اور علاقہ بھی پایا جائے۔

۳: کونسا فقرہ ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

پتا پتا، بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے، باغ تو سارا جانے ہے

۱: سارا باغ ہمارا حال جانتا ہے۔

۲: ہمارے حال سے صرف باغ کے پھول ہی واقف ہیں۔

۳: باغ کے پتے پتے اور پودے پودے ہمارے حال سے واقف ہیں۔

۴: نہ جانے کیوں باغ کی ہر چیز حتیٰ کہ درخت، پودے اور پھول ہمارے حال سے بے خبر ہیں۔

۴: ذیل کے شعر میں مجاز مرسل کا کونسا علاقہ پایا جاتا ہے؟

اور بازار سے لے آئیں گے، اگر ٹوٹ گیا
ساغر جم سے مرا جام سفال اچھا ہے

۱: جز بولنا اور کل مراد لینا: ساغر سے مراد تمام پیالے ہیں۔

۲: مسبّب کہہ کر سبب مراد لینا: ٹوٹنے سے مراد تزلزل ہے۔

۳: کل بولنا اور جز مراد لینا: بازار سے مراد ایک دکان ہے۔

۴: سبب کہہ کر، مسبّب مراد لینا: جام سفال سے مراد ٹوٹنے کی قابلیت ہے۔

۵: ذیل کے شعر کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

خون دل و جگر سے ہے میری نوائی پرورش
ہے رگ ساز میں رواں، صاحب ساز کا لہو

۱: صاحب ساز کی رگ میں، خون کے بجائے، میری نوا ساری و جاری ہے۔

۲: فنکار کی شاعری میں، میرے دل و جگر کے خون سے، ساز کی نوا سنائی دیتی ہے۔

۳: فنکار کی رگوں میں، اس کے اپنے ساز کا لہو رواں دواں ہے اور اس سے، اس کے جگر کا رنگ سرخ ہے۔

۴: ساز کی رگوں میں فنکار کا لہو رواں دواں ہے اور میرے دل و جگر کا خون رنگیں بناتا ہے۔

www.isijournal.net



۶: ذیل کے شعر میں کونسی صنعت موجود نہیں؟

بسکہ ہوں غالب اسیری میں بھی آتش زیر پا    موئے آتش دیدہ ہے، حلقہ میری زنجیر کا

۱: تضاد    ۲: اغراق    ۳: تشبیہ    ۴: مراعات النظیر

۷: ذیل کے شعر میں ارکان استعارہ کی نشاندہی کیجیے:

پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی، سنبھال لو!    دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں؟

۱: مستعارٌ لہ: پلک    مستعارٌ منہ: نظر    وجہ جامع: بینائی

۲: مستعارٌ لہ: آنسو    مستعارٌ منہ: موتی    وجہ جامع: چمک

۳: مستعارٌ لہ: موتی    مستعارٌ منہ: آنسو    وجہ جامع: قدر و قیمت

۴: مستعارٌ لہ: دنیا    مستعارٌ منہ: آنسو    وجہ جامع: چمک

۸: کونسے شعر میں، بے نیازانہ طبیعت کا مفہوم موجود نہیں؟

۱: نہیں رکھتے امیری کی ہوس، مرد فقیر    شیر کی کھال ہی ہے قاقم و سنجاب مجھے

۲: دولت فقر سے رکھتا ہے غنی    ہم کو آتش دل خورسند اپنا

۳: کسی کا ہو رہے آتش! کسی کو کر رکھے    دو روزہ عمر کو انساں نہ رائیگاں کاٹے

۴: ہمت مردانہ نے آتش کیا ہے بے نیاز    جانتا ہوں میں گدا سلطان ہفت اقلیم کو

۹: ذیل کے شعر میں کونسی صنعتیں موجود ہیں؟

سرو و گل پر نظر قمری و بلبل نہ پڑے    آوے گر باغ میں وہ سرو گلستاں میرا

۱: لف و نشر۔ تشبیہ    ۲: ادماج۔ تقسیم    ۳: تضاد۔ ایہام    ۴: مبالغہ۔ تلمیح

۱۰: کونسے شعر کا مفہوم، باقی اشعار کے مفہوم کے ساتھ نہیں بنتا ہے؟

۱: یارب کوئی عشق کا بیمار نہ ہووے!    مر جائے وہ لے، اس کو یہ آزار نہ ہووے!

۲: اس غم کو یوں بڑھائیو یارب کہ جس طرح    بجلی کی ضرب، دامن ابر سیاہ میں

۳: یہ عشق نہیں آسان، بس اتنا سمجھ لیجیے    اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

۴: لگا نہ دل کہیں! کیا سنا نہیں تو نے؟    جو کچھ کہ میر کا اس عاشقی نے حال کیا؟

۱۱: درج ذیل شعر کو مد نظر رکھتے ہوئے کونسا مفہوم صحیح ہے؟

کنج زنداں میں پڑا سوچتا ہوں کتنا دلچسپ نظارہ ہوگا    یہ سلاخوں میں چمکتا ہوا چاند ترے آنگن میں بھی نکلا ہوگا

۱: جیل کے گوشے میں بیٹھا یہی سوچ رہا ہوں کہ تمہارے آنگن میں چاند کے نکلنے کا منظر بہت دلچسپ ہوتا ہوگا۔

۲: میں جیل میں بیٹھا سوچ رہا ہوں کہ جب یہ چمکتا ہوا چاند تمہارے آنگن میں نکلتا ہے تو تمہارے گھر کا منظر کتنا دلچسپ ہوتا ہوگا!

۳: میں جیل کے ایک کونے میں پڑا سوچتا ہوں کہ سلاخوں میں سے چمکتا ہوا چاند، تمہارے آنگن میں بھی نکلا ہوگا اور کتنا دلچسپ منظر ہوگا۔

۴: جب میں جیل میں چاند کو نکلتے دیکھتا ہوں تو تمہارے آنگن میں چاند نکلنے کا منظر یاد آتا ہے جو بہت خوبصورت ہوتا ہے۔

www.isijournal.net



۱۲۔ ذیل کے شعر میں ارکان تشبیہ کی نشاندہی کیجیے:

شمع کے مانند ہم اس بزم میں چشم تر آئے تھے، دامن تر چلے

۱: مشبہ: انسان مشبہ بہ: شمع وجہ تشبیہ: چشم تر ہونا حرف تشبیہ: مانند

۲: مشبہ: شمع مشبہ بہ: انسان وجہ تشبیہ: دامن تر ہونا حرف تشبیہ: مانند

۳: مشبہ: چشم مشبہ بہ: شمع وجہ تشبیہ: ہم بزم ہونا حرف تشبیہ: مانند

۴: مشبہ: شمع مشبہ بہ: چشم وجہ تشبیہ: چشم تر ہونا حرف تشبیہ: مانند

۱۳: ذیل کے شعر میں کونسی صنعت موجود ہے؟

ہم نے آباد کیا ملک سخن کیا سنسان سماں تھا پہلے

۱: ملمع ۲: صنعت ابداع ۳: حسن تعلیل ۴: حسن تعلی

۱۴: مندرجہ ذیل کے شعر میں کونسی کیفیت کا مفہوم موجود نہیں؟

وہ بتوں نے ڈالے ہیں وسوسے کہ دلوں سے خوف خدا گیا وہ پڑی ہیں روز قیامتیں کہ خیال روز جزا گیا

۱: قیامت کے دن، انسان کا، خدا کی نسبت ایمان پختہ ہوتا ہے۔

۲: پریشانی میں، روز جزا پر ایمان متزلزل ہو جاتا ہے۔

۳: غم محبوب میں، عاشق کو ہر روز قیامت کا سامنا ہوتا ہے۔

۴: ان بتوں نے غلط طرز عمل سے شک میں مبتلا کر دیا۔ حتی کہ خدا کا خوف بھی دل میں نہیں رہا۔

۱۵: کونسا فقرہ ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

عشق کو حوصلہ ہے شرط ورنہ بات کا کس کو ڈھب نہیں آتا؟

۱: عشق میں حرف شکایت کا اظہار اور زباں پر لانا ضروری ہوتا ہے۔

۲: عشق میں محبوب کے برتاؤ کے سامنے صبر کی ضرورت ہوتی ہے۔

۳: محبوب کے سلوک کو برداشت کرنا شرط عشق ہے۔

۴: عام طور پر سب انسانوں کو بات کرنے اور شکایت کرنے کا طریقہ آتا ہے۔

۱۶: ذیل کے شعر میں "گل" اور "سرو" کی معنویت کے پیش نظر، کونسے شعر کا مفہوم مذکورہ شعر سے مختلف ہے؟

صبح چمن میں اس کو کہیں تکلیف ہوا لے آئی تھی رخ سے گل کو مول لیا، قامت سے سرو کو غلام کیا

۱: یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے میں اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے

۲: آمد آمد ہے چمن میں کس سمن اندام کی سبزہ خورشید سے مخمل بچھاتی ہے بہار

۳: قامتش راسرو گفتم سر کشید از من بہ خشم دوستان از راست می رنجد نگارم چون کنم

۴: سرو و شمشاد و صنوبر کو نہیں کچھ نسبت قد و بالا کو ترے ہم نے بلا کا دیکھا

موسسہ تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



۱۷: مذکورہ ذیل کے شعر میں، کونسی صنعتیں پائی جاتی ہیں؟

من کی دولت ہاتھ آتی ہے تو پھر جاتی نہیں      تن کی دولت چھاؤں ہے، آتا ہے دھن، جاتا ہے دھن

۱: چھاؤں اور دھن کے درمیاں صنعت تشبیہ۔دولت، من اور ہاتھ میں صنعت مراعات النظیر

۲: چھاؤں اور من میں صنعت تشبیہ۔دھن کے لفظ میں کنایہ موجود ہے۔

۳: اس شعر میں صرف آنا جانا کے درمیاں صنعت تضاد موجود ہے اور کوئی دوسری شعری صنعت موجود نہیں۔

۴: آنا جانا میں صنعت تضاد۔تن کی دولت اور چھاؤں میں صنعت تشبیہ موجود ہے۔

۱۸: مذکورہ ذیل کے اشعار میں سے کونسے شعر میں "عزت نفس کی پروا" موجود ہے؟

۱: عشق نے غالب نکما کر دیا      ورنہ ہم بھی آدمی تھے پہلے

۲: اک نقش پا کے سجدے نے کیا کیا ذلیل      ہم کوچہ رقیب میں بھی سر کے بل گیا

۳: مجھے کام رونے سے اکثر ہے ناصح      تو کب تک میری منہ کو دھوتا رہے گا

۴: وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے، ہم اپنی وضع کیوں بدلیں      سبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سرگراں کیوں ہو؟

۱۹: مذکورہ ذیل کے شعر میں شاعر کا عندیہ کس موضوع کی بنیاد پر ہے:

اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا      رنج، راحت فزا نہیں ہوتا

۱: عشق میں عاشق کی پائیداری      ۲: محبوب کی عاشق کی بہ نسبت غفلت شعاری

۳: عاشق کی عشق میں ناکامی      ۴: محبوب کی خوش قسمتی

۲۰: ذیل کے شعر میں، اذیت کی کیفیت کب ہے؟

اذیت وصل میں دونی جدائی سے ہو عاشق کو      بہت رہتا ہے نالاں فصل گل میں مرغ بستانی

۱: پھول کی فصل کی کٹائی کے وقت بھی، مرغ بستانی نالہ کرتا ہے

۲: عاشق دوں کی اذیت، وصل کے زمانے میں جدائی سے بڑھ کر ہوتی ہے۔

۳: مرغ بستانی کے لیے فصل گل، خوشی کے گانے گانے کا وقت ہوتا ہے

۴: محبوب کے وصال میں جو اذیت ملتی ہے، عاشق کے لیے جدائی کے زمانے سے زیادہ ہوتی ہے۔

۲۱: "آدمی نامہ" کونسے شاعر کی نظم ہے اور وہ شاعر کس بات کے بیان میں اردو شاعری میں اولیت کا درجہ رکھتے ہیں؟

۱: حفیظ جالندھری کی نظم ہے۔وہ جہان اسلام کے مسائل و مشکلات کے بیان میں صف اول کے شعراء میں سے ہیں۔

۲: الطاف حسین حالی کی نظم ہے۔انھوں نے اردو شاعری کو موضوعاتی شاعری سے پہلی مرتبہ روشناس کیا۔

۳: امیر خسرو دہلوی کی نظم ہے۔انھوں نے پہلی مرتبہ اردو میں غزل گوئی کی۔

۴: نظیر اکبرآبادی کی نظم ہے۔انھوں نے عوامی دلچسپیوں اور مسائل کو اپنی شاعری کا موضوع بنادیا۔

۲۲: ذیل کے شعر میں کونسی صنعتیں موجود ہیں؟

غالب ندیم دوست سے آتی ہے بوئے دوست      مشغول حق ہوں، بندگی بوتراب میں

۱: تلمیح۔تشبیہ      ۲: ملمع۔مراعات النظیر      ۳: لف و نشر مرتب۔تلمیح      ۴: لف و نشر غیر مرتب۔ترصیع

موسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



۲۳: کونسے شعر میں عشق کے کردار کی اہمیت پر اصرار نہیں؟

۱: عشق پر زور نہیں، ہے یہ وہ آتش غالب ! کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بجھے

۲: عشق سے طبیعت نے زیست کا مزہ پایا درد کی دوا پائی، درد لادوا پایا

۳: اعتبار عشق کی خانہ خرابی دیکھنا غیر نے کی آہ، لیکن وہ خفا مجھ پر ہوا

۴: رونق ہستی ہے عشق خانہ ویراں ساز سے انجمن بے شمع ہے گر برق خرمن میں نہیں

۲۴: کونسا فقرہ، رباعی اور قطعہ کے فرق کی وضاحت نہیں کرتا ہے؟

۱: رباعی ہمیشہ مخصوص اوزان میں کہی جاتی ہے، جبکہ قطعہ کے لئے کوئی وزن مخصوص نہیں۔

۲: رباعی میں کبھی تخلص استعمال نہیں ہوتا ہے، جبکہ قطعہ میں اکثر شاعر تخلص کا استعمال کرتے ہیں۔

۳: رباعی ہمیشہ دو اشعار پر مشتمل ہوتی ہے، جبکہ قطعہ کے اشعار کی تعداد مقرر نہیں۔

۴: رباعی میں ہمیشہ مطلع موجود ہوتا ہے، جبکہ قطعہ میں عموماً مطلع نہیں ہوتا ہے۔

۲۵: ذیل کے مذکورہ فن پاروں میں سے کونسا فن پارہ، دیگر فن پاروں سے صنف اور موضوع میں الگ ہے؟

۱: شمع و شاعر از علامہ اقبال ۲: گلشن عشق از نصرتی

۳: سحر البیان از میر حسن ۴: گلزار نسیم از دیا شنکر نسیم

۲۶: کونسی بات گیت کے ضمن میں صحیح نہیں؟

۱: گیت میں ہندی الفاظ کا استعمال عام ہوتا ہے۔

۲: گیت کا لہجہ نسائی اور دھیما اور الفاظ نرم اور سبک ہوتے ہیں۔

۳: گیت میں اکثر عشق کی کہانی، حسن ترتیب کے ساتھ بیان ہوتی ہے۔

۴: گیت میں خالص ہندوستانی تلمیحات اور مقامی موسموں کا ذکر ملتا ہے۔

۲۷: کونسا فقرہ، مد نظر شعری اصناف کی وضاحت کے پیش نظر صحیح نہیں؟

۱: سانیٹ کے پہلے حصے میں چھ اور دوسرے حصے میں آٹھ مصرعے ہوتے ہیں۔

۲: مسدس ترکیب بند کئی بندوں پر مشتمل نظم ہے جس کے ہر بند کے چھ مصرعے ہوتے ہیں۔

۳: غزل کا ہر عام طور پر شعر ایک مکمل اکائی ہوتا ہے۔

۴: مستزاد میں ایک مکمل مصرعے پر مزید نصف مصرع یا ایک ٹکڑے کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

۲۸: ذیل کے شعر میں کونسی صنعتیں موجود ہیں؟

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

۱: تلمیح۔ استعارہ۔ ترصیع ۲: لف و نشر مرتب۔ تضاد۔ تلمیح

۳: مبالغہ۔ تشبیہ۔ تضاد ۴: مراعات النظیر۔ تشبیہ۔ لف و نشر غیر مرتب

موسسہ تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



۲۹: ذیل کے شعر کی صحیح وضاحت کونسی ہے؟

شاخ گل میں گل کی نزاکت یہ بہم پہنچی ہے    شمع ساں گرمی نظارہ سے جاتی ہے پگھل

۱: پھول کے پودے کے اوپر، ٹہنیوں پر موجود پھول، شمع کی گرمی سے، خود شمع کی طرح پگھل جاتے ہیں۔

۲: گل کی نزاکت کے پیش نظر، بد نظر لگنے سے، اس کے پتے شمع کی طرح پگھل جاتے ہیں۔

۳: اس کی نظر میں اس قدر گرمی تھی کہ شمع پگھل گئی اور اس وجہ سے نازک ٹہنیوں پر پھل از خود جل گئے۔

۴: موسم بہار میں ٹہنی پر پھول اس قدر نازک ہیں کہ اگر نظر ان پر پڑے وہ نگاہ کی گرمی سے پگھل جاتے ہیں۔

۳۰: ذیل کے فقرے میں، خالی جگہوں میں مناسب الفاظ کا انتخاب کیجیے:

قصیدے کا ابتدائی حصہ....... اور آخری حصہ....... کہلاتا ہے۔

۱: مدح۔ تشبیب    ۲: دعا۔ گریز    ۳: تشبیب۔ دعا    ۴: گریز۔ مدح

## متون تخصصی

۳۱. ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۱ سے ۳۲ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے:

" مولوی عبدالحق کہا کرتے کہ: مجھ پر دو وقت ایسے گزرتے ہیں، جب میں یہ سمجھتا ہوں کہ جس کام کو میں نے اپنے سر لیا ہے، اس کا اہل نہیں ہوں۔ ایک تو اس وقت جب میں کسی سے چندہ مانگنے جاتا ہوں۔ بہت کچھ سوچ کے جاتا ہوں۔ لیکن مانگتے وقت، زباں بند ہو جاتی ہے اور آنکھیں جھک جاتی ہیں، غیرت مانع ہوتی ہے۔ دوسرے جب کسی معاملہ کرنا بیٹھتا ہوں۔ کاروباری آدمی کی طرح، اس طرح سودا کرنا کہ پسینا آجائے، مجھے نہیں آتا اور مروت غالب آجاتی ہے۔ ان کاموں کے لیے ڈھٹائی کی ضرورت ہے۔ یہ وصف شریف فطرتی ہوتا ہے۔ سیکھنے سے نہیں آتا اور مشکل یہ ہے کہ ڈھیٹ بنو تو بناوٹ کھل جاتی ہے۔"

سوال: مذکورہ بالا متن میں " کام کو اپنے سر لینا" اور " چندہ مانگنا" کے صحیح مفاہیم ترتیب وار کونسے ہیں؟

۱: اپنا سر پکڑنا۔ امدادی رقم جمع کرنا    ۲: کسی کام کو اپنا ذمہ لینا۔ کسی کام کے لیے لوگوں سے امدادی رقم جمع کرنا

۳: بہت عزیز رکھنا۔ تعاون کے لیے کہنا    ۴: اپنے سر پر کوئی چیز رکھنا۔ آنکھوں کے لیے روشنی مانگنا

۳۲. مذکورہ بالا متن کی رو سے یہ بتائیے کہ مولوی عبدالحق جب چندہ مانگنے کے لیے جاتے تو ان کے ساتھ کیا ہوتا؟

۱: چندہ مانگنے کے لیے کچھ نہ بول سکتے۔ شرم آتی اور حیا رکاوٹ ڈالتی تھی۔

۲: چندہ مانگتے وقت، ان کی زبان تیزی سے چلتی۔ اس کے باوجود نظر بچا کر انہیں بات کرنی ہوتی تھی اور شرمندگی ہوتی تھی۔

۳: چندہ لیتے وقت، قوت گویائی کو مشکل پیش آتی تھی اور آنکھوں میں درد ہوتا اور غیرت کا خاتمہ ہوتا تھا۔

۴: چندہ مانگتے وقت لوگوں کے ساتھ بدزبانی ہوتی، آنکھیں باہر آکر نیچی ہو جاتیں اور غیرت مانع ہوتی تھی۔

۳۳. درج ذیل کے شعر میں " پانی پانی کر جانا" کے محاورے سے مراد کونسا مفہوم ہے؟

پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات    تو جھکا جب غیر کے آگے، نہ تن تیرا نہ من تیرا

۱: لوگوں کے سامنے تعظیم کرنا    ۲: خودی کو قربان کر دینا

۳: خودی کا ضائع ہونا    ۴: شرمندہ کرنا

موسسہ تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



۳۴. ذیل کی مثل کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

" جسے اللہ رکھے، اسے کون چکھے؟"

۱: زندگی اور موت خدا کے ہاتھ میں ہے۔

۲: جس پر خدا مہربان ہو، اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

۳: زندگی اور موت کا کوئی بھروسا نہیں۔

۴: جس کی زندگی دنیا میں باقی ہو وہ کیسے مر سکتا ہے؟

۳۵. ذیل کے الفاظ کے مترادفات کی ترتیب وار نشاندہی کیجیے:

" باندی" - " ٹمٹماہٹ" - " فن" - " اجاگر"

۱: چھڑی-آنکھوں کا نور-پنکھا-ویران

۲: بندش-جھلملاہٹ-ہنر-مسمار

۳: بندھی ہوئی-بجھ جانا-تخلیق-بیدار

۴: لونڈی-جھلملاہٹ-گن-روشن

۳۶. ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۶ سے ۳۷ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے:

" ایک روز شام کے وقت، ہاسٹل سے دور، میں ایک کنکوا لوٹنے دوڑا جا رہا تھا کہ بھائی صاحب سے میری مڈبھیڑ ہو گئی۔ شاید وہ بازار سے لوٹ رہے تھے۔ انھوں نے وہیں میرا ہاتھ پکڑ لیا اور مجھے حقارت کی نظروں سے دیکھ کر بولی: ان بازاری لونڈوں کے ساتھ دھیلے کے کنکوے کے لیے دوڑتا تمھیں شرم نہیں آتی؟"

سوال: وہ شام کے وقت کہاں جا رہا تھا اور اس کے ساتھ کیا ہوا؟

۱: ہاسٹل سے فاصلے پر، کسی کوے کو پکڑنے کے لیے دوڑتے ہوئے جا رہا تھا کہ اچانک اپنے بھائی کو لوگوں کے ہجوم میں دیکھا۔

۲: ہاسٹل سے فاصلے پر، کنکوے اڑانے کے لیے دوڑتے ہوئے جا رہا تھا کہ ایک دم بھائی کے کوے سے ٹکراؤ ہوا۔

۳: ہاسٹل سے فاصلے پر، کسی پتنگ کو پکڑنے کے لیے دوڑتے ہوئے جا رہا تھا کہ ایک دم اپنے بھائی سے اس کا آمنا سامنا ہوا۔

۴: ہاسٹل سے فاصلے پر، کسی کنکوے کو واپس لینے کے لیے دوڑتے ہوئے جا رہا تھا کہ اتفاق سے ملاقات ہوئی۔

۳۷. مذکورہ بالا متن کی رو سے یہ بتائیے کہ اس کے بھائی نے کیا کہا؟

۱: بھائی نے کہا کہ کیوں بازاری چوروں کی طرح سستے پتنگ کی وجہ سے سر توڑتے ہو؟

۲: بھائی نے کہا کہ کیوں عام لڑکیوں کی طرح آدھے پیسے کے پتنگ کے لیے دوڑتے ہو؟

۳: بھائی نے کہا کہ کیوں غلاموں کی طرح مفت کے کنکوے کے لیے بھاگتے ہو؟

۴: بھائی نے کہا کہ کیوں نوکروں کی طرح سستے کنکوے کے لیے بھاگتے ہو؟

۳۸. ذیل کا متن پڑھ کر یہ بتائیے کہ مرزا صاحب نے کلیم کی شکایت سے پہلے کیا کہا؟

" قبل اس کے کہ کلیم شکایت کرے مرزا صاحب بطور دفع دخل مقدر فرمانے لگے: بندے کے گھر میں کوئی دن سے طبیعت علیل ہے۔ خفقان کا عارضہ ہے۔ اختلاج قلب کا روگ ہے۔ اب جو میں آپ کے پاس سے گیا تو ان کو غشی میں پایا۔"

۱: میری طبیعت علیل رہتی ہے اور مجھے دل کی دھڑکن کی بیماری ہے۔

۲: میں گھر میں بیمار رہتا ہوں۔ بیماری کے ہاتھوں غصے میں ہوں اور دل میں خلل ہے۔

۳: میرے گھر میں چند دنوں سے ایک بیمار رہتا ہے۔ وہ اپاہج ہے اور اس کا دل بھی بیمار ہے۔

۴: میری بیوی بیمار ہے۔ اس کا دل تیزی سے دھڑکتا ہے اور وہ دل کی دھڑکن کی بیمار ہے۔

www.isijournal.net



۳۹. درج ذیل جملوں میں ترتیب وار، "گھی کے چراغ جلانا"، "تشہیر کرنا" اور "قضا کر جانا" کے صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

"آپ نے یہ خوشی کی خبر سنائی اور دلی کے مسلمان اگر میری طرح آپ سے واقف ہوں تو انھیں گھروں میں گھی کے چراغ جلانے چاہئیں۔"/"قافلہ باشی کو تشہیر کرکے ملک بدر کیا۔"/"قضارا وہاں کا بادشاہ قضا کر گیا تھا۔"

۱: منّت بڑھانا۔ مشہور کرنا۔ فرمان الٰہی

۲: امیر ہونے کی وجہ سے بجائے تیل کے، چراغوں میں گھی ڈالنا۔ تقدیر۔ ڈھنڈورا پیٹنا

۳: تیل نہ ملنے کی وجہ سے گھروں میں گھی کے چراغ جلانا۔ مقررہ وقت کے بعد کی عبادت۔ عزت دینا

۴: نہایت خوشی منانا۔ رسوا کرنا۔ مرنا

۴۰. انتظار حسین کے افسانے "وہ جو دیوار کو چاٹ نہ سکے" میں یاجوج وماجوج کے جھگڑنے کا سبب کیا تھا؟

۱: خود غرضی
۲: اہل و عیال کے بہکاوے
۳: آپس کی چپقلش
۴: دونوں خاندانوں میں اختلافات

۴۱. ذیل کی مثل کا صحیح فارسی مترادف کونسا ہے؟

"گیدڑ کی موت آتی ہے تو شہر کی طرف بھاگتا ہے۔"

۱: انسان شیر خام خوردہ است۔
۲: سزای نیکی بدی است۔
۳: بز کہ اجلش برسد، نان چوپان را بخورد۔
۴: شتر را باکاسہ آب دادن

۴۲. کونسی بات ذیل کے متن میں سے مستفید نہیں ہوتی؟

"یہودیوں نے بیت المقدس کی اسلامی حیثیت کو ختم کرنے کے لیے، ایڑی چوٹی کا زور لگایا۔ اس مقصد کے لیے انھوں نے بیت۔المقدس کو اپنا دارالحکومت بنایا۔ بے گناہ عورتوں، معصوم بچوں، نہتے جوانوں اور ناتواں بوڑھوں کے خون سے ہولی کھیلی اور مسلمانوں کے گھروں کو مسمار کرکے زمیں بوس کر دیا۔"

۱: یہودیوں نے بیت المقدس کی اسلامی حیثیت ختم کرنے کے لئے، اپنی تمام کوشش اس پر لگا دی۔

۲: یہودیوں نے بیت المقدس کو اپنا دارالحکومت کرکے اس کی اسلامی حیثیت برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کر دی۔

۳: یہودیوں نے سب کو، حتی کہ خالی ہاتھ نوجوانوں اور ناتواں لوگوں کے خون بہائے۔

۴: یہودیوں نے مسلمانوں کے گھروں کو ویران کرکے زمین کے برابر کر دیئے۔

۴۳. مذکورہ ذیل الفاظ کے صحیح مفاہیم ترتیب وار کونسے ہیں؟

"انہماک"۔ "گھونسلا"۔ "پوچھ گچھ"۔ "تہس نہس"۔ "جارحیت"

۱: ڈھاوا۔ مکّا۔ پرسش۔ بنجر۔ زخمی کرنا
۲: مسمار۔ جھونپڑا۔ بھیک مانگنا۔ تباہ و برباد۔ حملہ
۳: مصروفیت۔ آشیاں۔ بازپرس۔ تباہ و برباد۔ ناجائز چڑھائی
۴: صرف کرنا۔ جانوروں کا گھر۔ بازپرس۔ اجاڑ۔ ناجائز چڑھائی

موسسه تحقیقاتی ارمان

www.isijournal.net



۴۴. ذیل کا متن پڑھ کر، یہ بتایئے کہ اس میں، کونسی بات کی طرف صحیح اشارہ کیا گیا ہے؟

" اسلم نے کہا کہ: میں تنہا ہی آکسیجن کھانے کے لئے سیر پر نکل جاتا ہوں۔ مگر ہر مرتبہ آکسیجن کے بجائے، ایک ٹرک سے ملاقات ہوتی ہے، جو اینٹوں اور مٹی روڑے سے بھرا ہوتا ہے۔ اس میں سے ڈھیر سارے گرد و غبار اڑ کر، میرے اندر چلا جاتا ہے۔ ایک دن میں نے ڈاکٹر سے پوچھا: میڈیکل سائنس کے اعتبار سے یہ دھول مٹی کیسی ہوتی ہے؟ وہ بولا: یہ ماڈرن دور کی آکسیجن ہے۔"

۱: شہر میں ٹرکوں اور گاڑیوں کے دھویں اور ان سے پیدا ہونے والی آلودگی کی وجہ سے آکسیجن کی کمی ہوتی ہے۔

۲: اسلم کو آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے تو ان کی یہ ضرورت ٹرکوں اور ان میں موجود اینٹوں اور روڑوں سے حاصل ہوتی ہے۔

۳: اسلم کو سانس کی بیماری کی وجہ سے آکسیجن لینی ضروری ہوتی ہے، اس لئے وہ ٹرک میں بیٹھ کر شہر کی سیر کرتا ہے۔

۴: ڈاکٹر نے اس سے کہا: سائنس کے منظر سے دھول مٹی میں بھی آکسیجن ملتی ہے۔

۴۵. ذیل کے متن کی رو سے یہ بتایئے کہ کس کس کو بوجھ اٹھانے کا مسئلہ درپیش نہیں تھا؟

" لونڈیوں کو تو بوجھ اٹھانے اور چل پھرنے کی عادت تھی۔ مرزا نوروز بھی قوی اور توانا تھے۔ بوجھ سر پر اٹھائے بے تکان چل رہے تھے۔ مگر غریب ماہ عالم کی بُری حالت تھی۔ اول تو اس کے سر پر بوجھ اس کی عمر اور بساط سے زیادہ تھا۔ اس کے علاوہ یہ شہزادی قدرتی طور پر نہایت نازک اور کمزور واقع ہوئی تھی۔"

۱: کنیزوں اور مرزا نوروز کو

۲: کنیزوں اور ماہ عالم کو

۳: شہزادی اور کنیزوں کو

۴: مرزا نوروز اور ماہ عالم کو

۴۶. ذیل کے متن کی رو سے یہ بتایئے کہ " پر خچے اڑانا" اور" نچھاور کرنا" کے محاورات کے صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

" پرانے زمانے کو چھوڑیئے، آج کے نام نہاد ترقی یافتہ دور میں بھی جاپان کے شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی پر بم گرا کر جس طرح بے گناہ انسانوں کے پر خچے اڑائے گئے، وہ انسانی ضمیر کی بے حسی کا بدترین نمونہ ہے۔ حالانکہ صحیح طریقہ یہ ہے کہ انساں دیگر ابنائے بشر کے لئے رحمت و رافت نچھاور کرے۔"

۱: پٹاخے اڑانا- نیچے بٹھانا

۲: ٹکڑے ٹکڑے کرنا- وار کرنا

۳: ٹکڑے پر ٹکڑے رکھ دینا

۴: پرپرزے نکالنا- امانت کے طور پر لینا

۴۷. ذیل کا متن پڑھ کر یہ بتایئے کہ کھلیان میں آگ کس طرح لگ گئی؟

" نوکر حقے کا بہت شوقین تھا۔ اس نے چلم تازہ کرنے کے لئے آگ سلگائی، اچانک ایک غضبناک بگولے نے آگ کے کچھ انگارے، کھلیان میں لا پھینکے، جس سے فوراً آگ لگ گئی۔ نوکر نے آگ بجھانے کی کوشش میں جان دے دی۔ اگلی صبح بہادر خاں کی بیوی روٹی لے کر آئی تو سمجھی کہ بہادر خاں کھلیاں سمیت جل گیا ہے۔"

۱: بہادر خان کی بیوی حقے کی چلم تازہ کر رہی تھی کہ اس کی غلطی سے کھلیان میں آگ لگ گئی۔

۲: بگلے ہوا میں اڑ رہے تھے، تو ان کے پروں کی وجہ سے کھلیان میں آگ لگ گئی۔

۳: نوکر نے حقے کی چلم کھلیان میں پھینک دی تو اس طرح کھلیان میں آگ لگ گئی۔

۴: بگولے نے حقے کی چلم سے آگ کی ایک دہکتی ہوئی چنگاری اٹھا کر کھلیان میں پھینک دی، اس طرح وہاں آگ لگ گئی۔

www.isijournal.net



۴۸. درج ذیل مثل کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

"کوّا چلا ہنس کی چال، اپنی چال بھی بھول گیا۔"

۱: اپنی اوقات سے بڑھ کر حوصلہ کرنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انسان اپنی پچھلی حیثیت بھی گنوا دیتا ہے۔

۲: چھوٹی چیز کے مالک بننے کے بعد، بڑی چیز پر نظر رکھنے والے انسان کے متعلق اس طرح کہا جاتا ہے۔

۳: بدنصیبی میں چاہے لاکھ احتیاط کرو، ہونے والی ہو کر رہتی ہے۔

۴: بے ڈھنگے آدمی کی نسبت بولتے ہیں، جس کی کوئی بھی بات ٹھکانے پر نہ ہو۔

۴۹. ذیل کے فقروں میں سے کونسا فقرہ، اردو روزمرہ کے خلاف نہیں؟

۱: میں نے اپنے بھائی ماجد کو کہا ہے۔

۲: وہ خاوند کی موت سے خود در گور ہو گئی۔

۳: اس نے اپنے آپ سے پوچھا: دیکھتے ہی دیکھتے یہ کیا ہو گیا؟

۴: مجھے آج تک ان سے ملنے کا موقع نہ ملا۔

۵۰. ذیل کے متن کی رو سے یہ بتائیے کہ کم ظرف انسان کیسے ہوتے ہیں؟

"اپنی جھوٹی انا کی تسکین اور مصنوعی بڑائی، غرور اور تکبر یہ سب چھچھوری باتیں ہیں۔ ایشیائی شاعری میں ایک بڑی خرابی یہ ہے کہ وہ لوگ فرضی خیالات اور جھوٹی باتوں پر مبنی تعریفیں کرتے ہیں۔ اگر سچی تعریف کی جائے تو اس سے انسان کو شہرت بھی ملتی ہے اور یہ عمدہ خوشبو کی مانند ہوتی ہے۔ اگر خوشبو کو کمزور دماغ میں زبردستی ٹھونس دیا جائے تو وہ دماغ کو پریشان ہی کرے گی۔ عالی ہمت انساں کی مناسب تعریف اس کے لئے قوت کا باعث بنتی ہے اور کسی کی تحقیر کریں تو اس سے پست ہمتی پیدا ہوتی ہے۔"

۱: وہ ایسی خوشبو کی طرح ہوتے ہیں کہ اگر صحیح طور پر کسی کو لگائی جائے تو کمزور دماغ کی ہمت بڑھ جاتی ہے۔

۲: ایسے لوگ، جھوٹی تعریف اور فرضی خیالات سے صحیح بن سکتے ہیں۔

۳: ایسے لوگوں کی ہمت ارفع ہوتی ہے اور عالی ہمت انسانوں کی تعریف کی ضرورت ہوتی ہے۔

۴: ایسے ہوتے ہیں کہ اگر ان کی بے جا اور جھوٹی تعریف کی جائے، ان کو اس خوشبو کی برداشت نہیں ہو گی۔

## ادبیات منثور

۵۱. کونسی بات روزمرہ اور محاورے کے فرق کو واضح نہیں کرتی ہے؟

۱: روزمرہ جملے کا جزو نہ ہوتے ہوئے بھی، روزمرہ کہا جاتا ہے۔ جبکہ محاورہ جب تک جملے میں استعمال نہ ہو گا، وہ محاورہ نہیں کہلاتا ہے۔

۲: روزمرہ کے الفاظ حقیقی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں، مگر محاورے میں الفاظ غیر حقیقی یا مجازی معنوں بولے یا لکھے جاتے ہیں۔

۳: روزمرہ میں کبھی ایک اور کبھی دو لفظ ہوتے ہیں، مگر محاورہ محض ایک لفظ سے نہیں بن سکتا۔ اس میں کم از کم دو لفظ ہونے چاہئیں۔

۴: ہر محاورہ، روزمرہ ہو سکتا ہے، مگر ہر روزمرہ محاورہ نہیں ہو سکتا ہے۔

۵۲. کونسی بات طنز و مزاح کے ضمن میں صحیح نہیں؟

۱: رعایت لفظی یا لفظی تکرار مزاح کا ایک اہم حربہ شمار کیا جاتا ہے۔

۲: بعض اوقات کسی مزاحیہ صورتِ حال اور مزاحیہ کرداروں کی مضحکہ حرکات سے مزاح پیدا ہوتا ہے۔

۳: مزاح نگاری ایک ایسے باشعور، حساس اور دردمند انسان کے ذہنی ردِ عمل کا نتیجہ ہے جس میں ہمدردانہ انداز بدرجہ اتم پایا جاتا ہے۔

۴: دو چیزوں کا آپس میں بیک وقت مشابہت اور تضاد سے پیدا ہونے والی ناہمواری، مزاح کے حربوں میں شمار ہوتا ہے۔

www.isijournal.net



۵۳. ذیل کی مذکورہ شخصیات میں، کونسی بات مشترکہ ہے؟

مرزا فرحت اللہ بیگ، رشید احمد صدیقی، مولوی عبدالحق، چراغ حسن حسرت

۱: سفر نامہ نویسی　۲: خاکہ نگاری　۳: سوانح نگاری　۴: مضمون نگاری

۵۴. درج ذیل تخلیقات میں سے کونسی تخلیق نثری تخلیق نہیں؟

۱: ارمغان حجاز　۲: تہذیب الاخلاق　۳: اسباب بغاوت ہند　۴: آثار الصنادید

۵۵. کونسے مصنف کے تخلیقاتی موضوعات، مذکورہ دیگر مصنفوں سے الگ ہیں؟

۱: محمد حسین آزاد　۲: پطرس بخاری　۳: رشید احمد صدیقی　۴: کنہیا لعل کپور

۵۶. کونسا فقرہ انشائیہ کی وضاحت کے لئے مناسب نہیں؟

۱: انشائیے میں بے ربطی، بے تکلفی اور شگفتگی ہی تحریر کو پُر کشش اور قابل قبول بناتی ہے۔

۲: انشائیے میں تخیل پرستی اور آشفتہ بیانی کارآمد ثابت ہوتی ہے۔

۳: انشائیہ ایک قسم کی تحریر کا نام ہے جس میں مصنف متکلفانہ اور پیچیدہ انداز میں اپنے خیالات کو پیش کرتا ہے۔

۴: انشائیے کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں غیر رسمی طریق کار اپنایا جاتا ہے۔

۵۷. عام طور پر داستانوں کا اسلوب کیسا ہوتا ہے؟

۱: داستانوں کے اسلوب میں تنوع زیادہ ہوتی ہے اور ان کا پلاٹ پیچیدہ ہوتا ہے۔

۲: داستانوں کا اسلوب سلیس و رواں اور ہر طرح کے تکلف سے عاری ہوتا ہے۔

۳: داستانوں کا اسلوب عموماً پر تکلف اور مسجع و مقفیٰ ہوتا ہے۔

۴: داستانوں کا اسلوب تشبیہات و استعارات کے بغیر ہوتا ہے۔

۵۸. ناول کی زبان اور اس کے بیان کے سلسلے میں کونسی بات صحیح نہیں؟

۱: ناول نگار کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہے کہ وہ کس قسم کے الفاظ و تراکیب کا استعمال کرتا ہے۔

۲: ناول میں سپاٹ، ٹھوس یا فلسفیانہ انداز سے اس کا آغاز، قارئین کی عدم دلچسپی کے باعث ہوتے ہیں۔

۳: ناول کا آغاز دلکش اور چونکا دینے والا ہونا چاہیے تاکہ قارئین کی بڑی تعداد کو اپنی طرف متوجہ کرے۔

۴: ناول کی تشکیل و تعمیر میں، زبان اور انداز تحریر اور اسلوب کی اہمیت ثانوی ہوتی ہے۔

۵۹. رتن ناتھ سرشار کے کونسے ناول میں "بے جا طوالت اور غیر ضروری پھیلاؤ" اس کا بڑا عیب شمار کیا جاتا ہے؟

۱: کامنی　۲: فسانہ آزاد　۳: فسانہ مبتلا　۴: جام سرشار

۶۰. کونسی بات پریم چند کی افسانہ نگاری اور ان کے افسانوں پر صادق نہیں آتی ہے؟

۱: پریم چند کا اپنے افسانوں میں، سب سے بڑا مقصد معاشرتی اصلاح ہے۔

۲: پریم چند اردو کے اولین افسانہ نگاروں میں شمار ہوتے ہیں۔

۳: پریم چند کے ابتدائی افسانوں میں وطن سے محبت کے جذبات نمایاں ہیں۔

۴: پریم بتیسی، پریم چند کا اولین افسانوی مجموعہ ہے۔

www.isijournal.net



۶۱. ذیل کی عبارت میں، کونسے الفاظ خالی جگہوں کے لئے مناسب ہیں؟

"فنی لحاظ سے ایک افسانے کے لئے ضروری ہے کہ وہ..... کا حامل ہو۔اس خصوصیت کو پیدا کرنے کے لئے ایک معیاری افسانے میں صرف..... پر زور دیا جاتا ہے۔"

۱: کردار۔ ضمنی پلاٹ ۲: پلاٹ۔ تفصیل ۳: اختصار۔ سلاست ۴: وحدت تاثر۔ مقصد

۶۲. کونسی بات ترقی پسند تحریک کے افسانوں پر صادق آتی ہے؟

۱: ترقی پسند تحریک کے افسانہ نگاروں نے پریم چند کی اصلاح پسندانہ روایت کو آگے بڑھایا۔

۲: ترقی پسند تحریک کی افسانہ نگاری پر مغربی سرمایہ داری اور اس کے مختلف پہلوؤں کی عکاسی کا غلبہ ہوتا تھا۔

۳: ترقی پسند تحریک کے افسانہ نگاروں کے افسانوں کا مرکزی موضوع، عشق و محبت کا جذباتی پہلو ہوتا تھا۔

۴: ترقی پسند تحریک نے افسانے کو ایک نیا رخ عطا کیا، مگر اس تحریک پر سیاسی اور اشتراکی مقاصد کا غلبہ تھا۔

۶۳. ذیل کی عبارت میں خالی جگہوں کے لئے کونسے الفاظ مناسب ہیں؟

"ڈرامے میں ..... پیدا کرنے کے لئے، ڈرامہ نگار بعض اوقات ..... اور ..... کا استعمال کرتا ہے۔"

۱: اسٹیج۔ پلاٹ۔ ڈراما ۲: تذبذب۔ ٹکراؤ۔ کشمکش

۳: فطری نقالی۔ کردار۔ اسٹیج ۴: ربط و تسلسل۔ ٹکراؤ۔ کشمکش

۶۴. ذیل کے مصنفوں اور کتابوں میں سے کونسے مصنف اور اس کی کتاب، دوسروں کے ساتھ کسی طرح کی مناسبت نہیں رکھتی؟

۱: حکیم عبدالحئی۔ گل رعنا ۲: میر تقی میر۔ ذکر میر

۳: شبلی نعمانی۔ شعرالعجم ۴: عبدالسلام ندوی۔ شعرالہند

۶۵. سوانح نگاری کے ضمن میں کونسی بات صحیح نہیں؟

۱: سوانح نگار کو صداقت، غیر جانبداری اور انصاف سے کام لینا چاہیے۔

۲: سوانح نگار کے لئے اپنے ہیرو کی شخصیت سے تعلق خاطر ضروری ہے۔

۳: سوانح عمری میں ہیرو کی خامیوں کو چھپانا غلط ہے۔ مگر اسے اُچھالنا بھی مستحسن نہیں۔

۴: سوانح عمری میں یہ ضروری نہیں کہ مد نظر شخصیت کی زندگی کے حالات و واقعات کی تحقیق میں بڑی کاوش و محنت کی جائے۔

۶۶. کونسی صنف آپ بیتی کی اقسام میں شمار ہوتی ہے؟

۱: سوانح عمری ۲: صحافت ۳: انشائیہ ۴: رپورتاژ

۶۷. مذکورہ ذیل سفر ناموں میں سے کونسا سفر نامہ، موضوع اور اسلوب میں مختلف ہے؟

۱: شوق آوارگی از عطاء الحق قاسمی ۲: برات عاشقاں از فارغ بخاری

۳: دنیا گول ہے از ابن انشاء ۴: چلتے ہو تو چین کو چلیے از ابن انشاء

۶۸. ناول "ابن الوقت" کس عہد کا مرقع پیش کرتا ہے؟

۱: ہندوستان میں انگریزی حکومت کے آخری دور کا ۲: ہندوستان میں واقعہ غدر سے پہلے دور کا

۳: ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی اور اس کے بعد کے دور کا ۴: ہندوستان میں مغلوں کے ابتدائی دور حکومت کا

موسسه تحقیقاتی ارمان

www.isijournal.net



۶۹. مذکورہ ذیل کی عبارت میں، خالی جگہوں کے لئے کونسے الفاظ مناسب نظر آتے ہیں؟

"ڈرامے کی اقسام کے سلسلے میں، یہ واضح کردینا ضروری ہے کہ تاثر کے اعتبار سے ڈرامے کی دو بنیادی اقسام ہیں: ایک..... اور دوسرا......۔ باقی اقسام کو انھی کی ضمنی قسمیں سمجھنا چاہیے۔"

۱: مخلوط ڈرامہ-یک باب ڈرامہ ۲: المیہ-طربیہ

۳: میلوڈرامہ-نشری ڈرامہ ۴: سوانگ-المیہ

۷۰. کونسی وضاحت، داستان کے ضمن میں صحیح نہیں؟

۱: ہر داستان گو سامعین کو ایک ایسی دنیائے تخیلات کی سیر کراتا ہے جو ان کے لئے ان دیکھی اور بالکل اجنبی ہوتی ہے۔

۲: داستان کے واقعات و بیانات اتنے حیرت انگیز ہوتے ہیں کہ سامع مبہوت ہو کر سنتا ہے۔

۳: صحیح معنوں میں داستان کی بنیاد، مافوق الفطرت اور غیر انسانی عناصر ہیں۔

۴: تمام داستانوں میں، پورا قصہ ایک مرکزی کردار کے گرد گھومتا ہے اور سارا تانا بانا ایک مخصوص فرد کے ارد گرد بُنا ہوا ہوتا ہے۔

۷۱. ذیل کی عبارت پڑھ کر یہ بتائیے کہ یہ وضاحت کونسے ناول نگار اور اس کے کونسے ناول پر صادق آتی ہے؟

"اس ناول کا کینوس، دس سال پر محیط ہے۔ اس کے بیشتر کردار ہندوستان کے ایک نچلے متوسط گھرانے سے متعلق ہیں اور مختلف ذہنی و سیاسی رجحانات کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس طرح اس ناول میں تحریک پاکستان اور جدوجہد آزادی کا کچھ عکس نظر آتا ہے۔"

۱: آنگن- خدیجہ مستور ۲: ایک کہانی بڑی پرانی-ہاجرہ مسرور

۳: بہروپیا- غلام عباس ۴: بستی- انتظار حسین

۷۲. مرزا اسداللہ خان غالب کے خطوط کا کونسا مجموعہ، ان کی اپنی زندگی میں، چھپ کر منظر عام پر آیا؟

۱: عود ہندی ۲: اردوئے معلّی ۳: خطوط غالب ۴: نادرات غالب

۷۳. مذکورہ ذیل ناولوں میں سے کونسے ناول کا موضوع نقادوں کے مطابق "وقت" ہے اور اردو کا پہلا فکری ناول مانا جاتا ہے؟

۱: آنگن ۲: آبلہ پا ۳: آگ کا دریا ۴: کاروان وجود

۷۴. اردو ادب میں پاکستان کے کونسے افسانہ نگاروں نے تقسیم کے بعد زیادہ تر فسادات کے بارے میں لکھے؟

۱: اعجاز راہی- قمر عباس-احمد ندیم قاسمی- انور سجاد ۲: سعادت حسن منٹو-عزیز احمد- ممتاز مفتی-انتظار حسین

۳: اعجاز راہی-ام عمارہ-مرزا ادیب-بانو قدسیہ ۴: سعادت حسن منٹو-الطاف فاطمہ- مسعود مفتی-فرخندہ لودھی

۷۵. مذکورہ ذیل عبارت، کونسے افسانے کی وضاحت کرتی ہے؟

"طوائف کے موضوع پر اردو ادب کی خوبصورت، منفرد اور لازوال کہانی ہے۔ یہ شہرۂ آفاق افسانہ ۱۹۳۹ء میں تحریر کیا گیا۔"

۱: آنندی ۲: کفن ۳: نیا قانون ۴: ہتک

## دستور زبان تخصصی اردو

۷۶. ذیل کے جملوں میں مصدر "جانا" کس مفہوم میں استعمال ہوا ہے؟

"مجھ سے یہاں سے اپنے گھر تک چلا نہیں جاتا۔"

۱: چلنا ۲: سکنا ۳: کرنا ۴: ہونا

www.isijournal.net



۷۷. اردو گرائمر میں، اسم مفعول کے سلسلے میں، مذکورہ ذیل الفاظ میں سے کونسا، اسم مفعول میں شمار نہیں ہوتا؟

۱: ہنسی ۲: دُم کٹا ۳: افسردہ ۴: مارا ہوا

۷۸. مذکورہ ذیل اسماء میں سے ترتیب وار، کونسے اسم مصغر اور کونسے اسم مکبّر ہیں؟

"پنکھیا" - "لنگوٹ" - "گھڑیال" - "ہنڈیا" - "ڈبیا"

۱: اسم مصغر، اسم مکبّر، اسم مکبّر، اسم مصغر، اسم مصغر ۲: اسم مصغر، اسم مصغر، اسم مکبّر، اسم مکبّر، اسم مصغر

۳: اسم مکبّر، اسم مصغر، اسم مصغر، اسم مصغر، اسم مکبّر ۴: اسم مکبّر، اسم مکبّر، اسم مصغر، اسم مکبّر، اسم مکبّر

۷۹. اردو میں فعل مجہول بنانے کے قاعدے کے بارے میں کونسی وضاحت صحیح ہے؟

۱: عام طور پر فقروں میں مجہول افعال، مفعول اور فاعل کی مناسبت سے آتے ہیں۔

۲: مجہول فقروں میں، مفعول اور فاعل کا آنا ضروری ہوتا ہے۔

۳: مجہول فقرے کا فعل جنس اور تعداد کے لحاظ سے فاعل کی مناسبت سے آتا ہے۔

۴: مجہول فقرے کا فعل، جنس اور تعداد کے لحاظ سے مفعول کی مناسبت سے آتا ہے۔

۸۰. مذکورہ ذیل فقرے کی نحوی ترکیب کے بارے میں، کونسی بات صحیح ہے؟

"بڑی فوج، بڑی نڈر اور تیز رفتار تھی۔"

۱: بڑی فوج: فاعل نڈر اور تیز رفتار: صفت بڑی: موصوف تھی: فعل ناقص

۲: بڑی فوج: خبر نڈر اور تیز رفتار: مبتدا بڑی: متعلق مبتدا تھی: فعل ناقص

۳: بڑی فوج: مبتدا نڈر اور تیز رفتار: خبر بڑی: متعلق خبر تھی: فعل ناقص

۴: بڑی فوج: مسند نڈر اور تیز رفتار: مسندٌالیہ بڑی: متعلق فعل تھی: فعل ناقص

۸۱. درج ذیل اسماء میں سے اسم مؤنث کی نشاندہی کیجیے:

۱: چمار ۲: برہمن ۳: کھترانی ۴: ڈوم

۸۲. مرکب جملوں کے پیش نظر، ذیل کے مرکب جملے کے بارے میں، کونسی بات صحیح ہے؟

" جس طالب علم نے قرآن مجید کی تلاوت پیش کی، وہ علی کا بھائی ہے۔"

۱: جس طالب علم نے قرآن مجید کی تلاوت پیش کی: جملہ ناقص وہ علی کا بھائی ہے: جملہ کامل

۲: جس طالب علم نے قرآن مجید کی تلاوت پیش کی: مسند وہ علی کا بھائی ہے: مسندٌالیہ

۳: جس طالب علم نے قرآن مجید کی تلاوت پیش کی: صلہ وہ علی کا بھائی ہے: جواب صلہ

۴: جس طالب علم نے قرآن مجید کی تلاوت پیش کی: جملہ اسمیہ وہ علی کا بھائی ہے: جملہ فعلیہ

۸۳. ذیل کے فقروں میں، ترتیب کے ساتھ، "پر" کا حرف، کن مفاہیم میں استعمال ہوا ہے؟

"وہ دروازے پر کھڑا ہے۔" - "اس کی کمائی، وقت پر کام آئی۔" - "وہ روپے پر جان دیتا ہے۔"

۱: واسطے کے معنوں میں۔ خاطر کے معنوں میں۔ انحصار کی نشاندہی کے لئے۔

۲: انحصار کی نشاندہی کے لئے۔ واسطے کے معنوں میں۔ مکان کی نشاندہی کے لئے۔

۳: مکان کی نشاندہی کے لئے۔ واسطے کے معنوں میں۔ تعلق کی نشاندہی کے لئے۔

۴: مکان کی نشاندہی کے لئے۔ زمان کی نشاندہی کے لئے۔ خاطر کے معنوں میں۔

www.isijournal.net



۸۴. درج ذیل اسامی میں سے کونسا اسم، اسم کیفیت میں شمار نہیں ہوتا؟

۱: دیکھ بال ۲: لڑکپن ۳: بہادری ۴: اچھائی

۸۵. ذیل کے جملے میں "گاتا ہوا" کے بارے میں، گرائمر کی رو سے کونسی بات صحیح ہے؟

" راستے میں چوروں نے اسے پکڑلیا۔"

۱: اسم مفعول ۲: اسم حالیہ ۳: اسم ظرف ۴: صفت مفعولی

۸۶. موصول اور ضمیر موصولہ کے استعمال کے متعلق، درج ذیل کا کونسا فقرہ صحیح نہیں؟

۱: جو جی لگا کر نہیں پڑھتے، وہ پچھتاتے ضرور ہیں۔ ۲: جنھوں نے چوری کی تھی، وہ سب کے سب پکڑے گئے۔

۳: جو جو شہروں سے آپ تشریف لا چکے ہیں، وہ ہمارے شہر ہیں۔ ۴: جس کا کام اسی کو ساجھے۔

۸۷. درج ذیل کے فقروں میں کونسا فعل زمان حال استمراری میں شمار نہیں ہوتا؟

۱: خواتین کھیتوں میں اپنے مردوں کے شانہ بہ شانہ محنت کر رہی ہیں۔

۲: کسان اپنے باغوں کو پانی دیتے ہوئے، دن رات محنت کرتے رہتے ہیں۔

۳: مائیں اپنے بچوں کی صحت کے لئے ہمیشہ اللہ تعالی سے دعائیں مانگتی جاتی ہیں۔

۴: یہ لڑکیاں اپنی سہیلیوں کے لئے میٹھائی خرید کر بانٹتی رہیں اور ساتھ ساتھ غریبوں کی مدد بھی کیا کرتی رہیں۔

۸۸. صفت عددی غیر معین کی نشاندہی کیجیے:

۱: سیر بھر اناج ۲: چند ایک کتابیں ۳: پاؤ بھر دال ۴: ایک من گیہوں

۸۹. اردو میں "چاہیے" کے استعمال کے سلسلے میں، کونسی وضاحت صحیح نہیں؟

۱: چاہیے کے استعمال کے وقت جملے کا فعل، فاعل کے مطابق آتا ہے۔

۲: چاہیے کے استعمال کے وقت، جملے کا فعل، مفعول کے مطابق آتا ہے۔

۳: چاہیے کے استعمال کے وقت، عام طور پر اصلی فعل، مصدر کی صورت میں آتا ہے۔

۴: چاہیے کے استعمال کے وقت، ضمیر مفعولی کا استعمال ضروری ہوتا ہے۔

۹۰. مذکورہ ذیل لازم مصادر میں سے کونسے مصدر سے مصدر متعدی نہیں بنایا جاسکتا ہے؟

۱: سونا ۲: گھبرانا ۳: اڑانا ۴: گرنا

۹۱. اردو گرائمر میں "جاسکنا" کے مجہول حالت میں استعمال کے متعلق، کونسی وضاحت صحیح نہیں؟

۱: بن امری "جا" کی شکل ثابت نہیں رہتی، بلکہ مختلف افعال میں اس کی شکل تبدیل ہوتی ہے۔

۲: بن امری "جا" کی شکل ثابت رہتی ہے اور مختلف افعال میں اس کی شکل تبدیل نہیں ہوتی ہے۔

۳: امدادی فعل "سکنا" کی شکل ثابت نہیں رہتی، بلکہ مختلف افعال میں، اس کی شکل تبدیل ہوتی ہے۔

۴: "جاسکنا" ایسا مصدر ہے کہ معلوم و مجہول جملات میں استعمال ہوتا ہے۔

۹۲. مذکورہ ذیل کی صفات، ترتیب وار کونسی قسم کی ہیں؟

"لڑاکا"۔"پانچ"۔"عیسوی"۔"پیٹو"۔"کتنا"

۱: ذاتی۔ معین۔ نسبتی۔ فاعلی۔ مقداری ۲: ذاتی۔ عددی۔ نسبتی۔ ذاتی۔ مقداری

۳: فاعلی۔ عددی۔ عددی۔ مفعولی۔ تعدادی ۴: بسیط۔ عددی۔ نسبتی۔ نسبتی۔ مبہم

www.isijournal.net



۹۳. "رونا دھونا" اردو قواعد میں، مرکب کی کس قسم میں شمار ہوتا ہے؟

۱: تابع مہمل ۲: مرکب امتزاجی ۳: مرکب عطفی ۴: تابع موضوع

۹۴. مرکب جاری میں، "مجرور" کی صحیح جگہ کی وضاحت کے بارے میں کونسی بات صحیح لگتی ہے؟

۱: مجرور ہمیشہ اسم مفعول کے فوراً بعد آتا ہے۔ ۲: مجرور حروف جار سے پہلے آتا ہے۔

۳: مجرور حرف عطف سے پہلے آتا ہے۔ ۴: مجرور حروف جار کے فوراً بعد آتا ہے۔

۹۵. ضمایر مشترک کے استعمال کے قواعد کی رو سے، درج ذیل جملات میں سے کونسا جملہ غلط ہے؟

۱: ان کے اپنے بھائی اور میری اپنی بہنیں ہمیشہ وقت پر کلاس میں آتی ہیں۔

۲: کیا یہ لڑکا اپنے کاموں سے، خود ہی عہدہ برآ ہو سکتا ہے؟

۳: اس نے کہا: میرے اپنے دوست، بہت قیمتی ہیں۔

۴: آپ اپنا یہاں آیئے اور اپنے کا امتحان دیجیے۔

۹۶. اردو گرائمر کے حوالے سے، کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱: انھوں نے اپنے والدین کو ادب کیا۔

۲: لڑکیوں نے اپنے بھائیوں کے لئے تحفے خریدیں۔

۳: مغلوں کا وقار اور دبدبہ، ان کی سیاسی کمزوریوں کی وجہ سے جاتا رہا۔

۴: ملک میں عام تعلیم کی سیاست کی رو سے، تمام لڑکیاں اور لڑکے، تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔

۹۷. خالی جگہوں کے لئے مناسب الفاظ کونسے ہیں؟

"ایک اسمیہ جملے میں، مبتدا کو..... اور خبر کو..... بھی کہتے ہیں۔"

۱: مسندٌالیہ- مسند ۲: ضمیر فاعلی- ضمیر مفعولی ۳: مسند- مسندٌالیہ ۴: فاعل- مفعول

۹۸. "نے" کے استعمال کو مد نظر رکھتے ہوئے، صحیح جملے کی نشاندہی کیجیے:

۱: نے کا استعمال، فاعل کے بعد صرف زمان حال سادہ میں کیا جاتا ہے۔

۲: نے کا استعمال فعل ماضی سادہ کے متعدی افعال میں، فاعل کے بعد کیا جاتا ہے۔

۳: نے کا استعمال تو افعال لازم میں بھی کیا جا سکتا ہے۔

۴: نے کا استعمال تمام استمراری افعال میں کیا جاتا ہے۔

۹۹. درج ذیل صفات میں سے کونسی صفت، فاعلی نہیں؟

۱: بھکارن ۲: بھکاری ۳: دھوبی ۴: ونگار

۱۰۰. اردو میں فعل اور فاعل کی مطابقت کے سلسلے میں کونسا فقرہ صحیح نہیں؟

۱: جب فاعل دو یا دو سے زائد ضمیروں پر مشتمل ہو، یعنی کوئی غائب اور کوئی حاضر اور کوئی متکلم، تو اس صورت میں فاعل مفرد آتا ہے۔

۲: اگر کسی جملے میں چند فاعل موجود ہوں تو فعل اس صورت میں سب سے آخری فاعل کے مطابق آتا ہے۔

۳: جب فاعل کی عزت کرنا درکار ہو تو فعل جمع آتا ہے۔

۴: زمان حال میں جنس اور تعداد کے لحاظ سے فعل اپنے فاعل کے مطابق آتا ہے۔

موسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



## تاریخ ادبیات اردو

۱۰۱. کلاسیکی دور کے شعراء میں کونسے شاعر کو اردو ادب کا، سب سے بڑا سراپا نگار شاعر مانا جاتا ہے؟

۱: خواجہ میر درد ۲: ولی دکنی ۳: امیر خسرو دہلوی ۴: خواجہ حیدر علی آتش

۱۰۲. اردو زبان کے لئے پہلی مرتبہ کونسے بادشاہ کے عہد میں، "ریختہ" کا لفظ مستعمل ہوا؟

۱: شہنشاہ اکبر ۲: اورنگ زیب عالمگیر ۳: جہانگیر ۴: ہمایون

۱۰۳. درج ذیل شعراء میں سے کونسے شاعر کا شمار ایہام گو شعراء میں نہیں ہو سکتا؟

۱: خواجہ دیدار فانی ۲: شاکر ناجی ۳: شرف الدین مضمون ۴: مصطفیٰ خان یکرنگ

۱۰۴. ملا وجہی کے دو مشہور منثور و منظوم تخلیقات کونسے ہیں؟

۱: سب رس- پھولبن ۲: سب رس- قطب مشتری

۳: قطب مشتری- بہرام و گل اندام ۴: ابراہیم نامہ- کدم راؤ پدم راؤ

۱۰۵. لکھنوی دبستان شاعری کے پیش نظر، درج ذیل کی کونسی بات، اس کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱: مختلف اصناف سخن کا ارتقاء ۲: صنائع بدائع کا بے تحاشا استعمال

۳: شاعری میں عامیانہ پن اور عریانی ۴: سادہ و آسان عبارات و اصطلاحات کا استعمال

۱۰۶. ولی دکنی کے اثرات کے بعد، اردو شاعری میں کونسی تحریک ظہور پذیر ہوئی؟

۱: ریختہ گوئی ۲: ترقی پسند تحریک

۳: ایہام گوئی ۴: ایہام کے ردّ عمل کی تحریک

۱۰۷. درج ذیل کی عبارت، کونسے بادشاہ شاعر کی خصوصیت پر صادق آتی ہے؟

" انھوں نے گولکنڈہ میں جابجا مسجدیں، شفاخانہ اور مدرسے بنائے۔ عالی شان محلات بنوائیں اور ان کا شمار، اردو کے پہلے صاحب دیوان شعراء میں ہوتا ہے۔"

۱: ابراہیم قلی قطب شاہ ۲: علی عادل شاہ اول ۳: علی عادل شاہ ثانی ۴: محمد قلی قطب شاہ

۱۰۸. بیجاپور کی اردو شاعری کے پیش نظر، مندرجہ ذیل خصوصیات میں سے کونسی وضاحت، اس کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱: بیجاپور میں، مرثیہ بھی مقبول اصناف شعر میں شمار ہوتا تھا۔

۲: اس خطے کی شاعری میں تصوف اور اخلاق پر بھی زیادہ زور دیا جاتا تھا۔

۳: گیت کا رواج اور عشق و محبت کے جذبات، شاعری میں نمایاں تھے۔

۴: اس دور کی شاعری کے موضوعات، صرف مذہبی موضوعات ہیں۔

۱۰۹. مذکورہ فقروں میں سے، کونسا فقرہ تاریخ ادب اردو کے پیش نظر صحیح ہے؟

۱: "امراؤ جان ادا"، اردو کا پہلا ناول ہے۔ ۲: "نکات الشعراء" اردو کا پہلا تذکرہ ہے۔

۳: "علی نامہ"، اردو کی پہلی اور بڑی مثنوی ہے۔ ۴: "کربل کتھا" دکنی اردو کی پہلی نثری تخلیق ہے۔

موسسه تحقیقاتی آرمن

www.isijournal.net



۱۱۰. ذیل کی عبارت میں، خالی جگہوں کے لئے، کونسے نام مناسب ہیں؟

" ..... سرتاج شعرائے اردو ہیں۔ ان کا کلام اسی ذوق و شوق سے پڑھا جائے گا، جیسے ..... کا کلام فارسی میں۔"

۱: میر تقی میر۔ سعدی شیرازی
۲: مرزا اسداللہ خان غالب۔ بیدل دہلوی
۳: مرزا محمد رفیع سودا۔ سعدی شیرازی
۴: خواجہ حیدر علی آتش۔ حافظ شیرازی

## ترجمہ متون سیاسی، فرہنگی، ادبی و اجتماعی

۱۱۱. مذکورہ ذیل قرآنی آیت کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ہے؟

"اللهُ وليُّ الّذين آمَنوا يُخرِجونَهُم مِنَ الظُّلُماتِ اِلَى النّور"

۱: خدا ایماں داروں کا دوست ہے۔ وہ انھیں تاریکیوں سے نجات دلا کر روشنی بخشتا ہے۔
۲: اللہ ایمانداروں کے ساتھ ہے۔ وہ انھیں اندھیروں سے روشنی کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔
۳: اللہ ایماں والوں کا ولی ہے وہ انھیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آتا ہے۔
۴: اللہ صاحبان ایماں کے قریب ہے وہ انھیں تاریکیوں سے نور میں تبدیل کرتا ہے۔

۱۱۲. کونسی بات ذیل کے متن میں سے سامنے آتی ہے؟

" ڈورٹمنڈ کلب کو ایک دھچکا اس وقت بھی لگا، جب اس کا اسٹار کھلاڑی، زخم کے باعث کھیل کے چودھویں منٹ، میدان چھوڑنے پر مجبور ہوگیا۔ اس میچ میں پولینڈ سے تعلق رکھنے والے کھلاڑی نے اگرچہ گول کرنے کی بڑی کوشش کی، تاہم وہ بھی کوئی قابل ذکر کھیل پیش نہ کر سکے۔ پہلے ہاف میں کوئی بھی ٹیم گول نہ کر سکی۔"

۱: در نیمہ اول بازی، تیم دورتموند بہ گل دست یافت۔
۲: بازیکن لہستانی توانست در دقیقہ چہاردھم وارد بازی شود۔
۳: ستارۂ تیم دورتموند در دقیقہ چہاردھم موفق بہ زدن گل شد۔
۴: ستارۂ تیم دورتموند بہ دلیل زخمی شدن، در دقیقہ چہاردھم از میدان بازی بیرون رفت۔

۱۱۳. کونسے مفہوم، ذیل کی نظم کے مختلف حصوں کے اردو ترجمے میں شامل نہیں؟

" می شناسمت / چشمهای تو / میزبانِ آفتابِ صبحِ سبز باغهاست / می شناسمت / واژه های تو / کلید قفل های ماست / می شناسمت / آفریدگار و یار روشنی / دستهای تو / پلی به رؤیت خداست۔"

۱: تمھاری آنکھیں / باغوں کی سبز صبحوں کی میزباں ہیں۔
۲: تمھاری شاعری / خدا کی ملاقات کی طرف / ایک بے کراں دریا ہے۔
۳: میں تمھیں پہچانتا ہوں / تمہارے لفظ / ہمارے تالوں کی کنجی ہیں۔
۴: میں تمھیں پہچانتا ہوں / تم روشنی کے خالق اور دوست ہو۔

www.isijournal.net



۱۱۴. درج ذیل نظم کا صحیح فارسی ترجمہ کونسا ہے؟

" چنبیلی کی نکھری ہوئی پنکھڑیاں/ سنگ خارا کے ریزے/ سجل، دودھیا، نرم جسم/اور کڑے درے سانولے دل"

۱: گل برگ هاى گل شقايق/ تكه سنگ هاى خارا/ براستی چه زیبا با تن هاى نرم/ و دل هاى شكسته و سخت و سیاه

۲: گل برگ هاى گل نيلوفر/ تكه هاى سنگ خارا/ زيبا، شيرى، با تن هاى نرم/ و دل هاى سخت و سفت و سياه

۳: گل برگ هاى گل نيلوفر/ تكه هاى سنگ خارا/ راست وايستاده شيرى، با تن هاى نرم و گرم/ و دل هاى آلوده به گناه

۴: گل برگ هاى گل ياس/ تكه هاى سنگ خارا/ زيبا، شيرى با تن هاى خسته و سياه/ و دل هاى پاک و دامن پاک

۱۱۵. کونسی عبارت مذکورہ ذیل کے متن کے مختلف حصوں کے ترجمے میں شامل ہے؟

" منظومه "تاج محل"، اثر شاعری به نام ساحر لدهیانوی است. بدون شک این کاخ، از زیباترین عمارات دنیاست و شاعر همانند دیگر منظومه هایش، در این منظومه هم حس زیبائی شناختی خود را به کار گرفته و آن را مملو از نغمه کرده است. این آهنگ و نغمه در بیشتر ترانه های او هم قابل مشاهده است."

۱: ساحر کی کسی بھی نظم میں، نغمگی اور جمالیات نظر نہیں آتی۔

۲: ساحر کی اکثر نظمیں، گیت کے انداز اور ہیئت میں لکھی گئی ہیں۔

۳: "تاج محل" ایک ایسی عمارت ہے، جس کو ساحر لدھیانوی نے خوبصورت شکل میں تعمیر کی ہے۔

۴: ساحر اپنی دیگر تمام نظموں کی طرح، اس نظم میں بھی، اپنے جمالیاتی جذبے کو بروئے کار لایا ہے۔

۱۱۶. ذیل کے متن کے مختلف حصوں کے اردو ترجموں میں سے، کونسا فقرہ متن سے مکمل طور پر مربوط ہے؟

" یک روز شیر پرهیزگار، با گروهی از درندگان برای گردش و تماشا به صحرا رفته بودند. ناگهان یک شتر را دیدند که سرگردان و تنها در بیابان می رود. گرگ و پلنگ و خرس و ببر و درندگان دیگر که همراه شیر بودند و مدتی گوشت نخورده بودند، گفتند این شتر از جنس ما نیست و گوشتش بر ما حلال است."

۱: پرہیزگار شیر اکیلے، صحرا کی سیر کے لئے نکلا تھا۔

۲: یہ اونٹ ہماری جنس سے نہیں، اس لئے اس کا گوشت ہم پر حلال ہے۔

۳: ایک اور اونٹ اپنے کچھ قریبی دوستوں کے ساتھ جنگل میں چرنے میں مصروف تھا۔

۴: شیر کو اچانک ایک شکاری نظر آیا جو کسی اونٹ کے تعاقب میں جنگل میں آیا تھا۔

۱۱۷. ذیل کے متن کے مختلف حصوں کے فارسی ترجموں میں سے، کونسی بات اس متن سے مربوط نہیں؟

" امریکا نے اسامہ کے خلاف، یک طرفہ کارروائی کرکے، بداعتمادی کی فضا قائم کی اور اس واقعہ سے پاکستان کے اعتماد کو شدید ٹھیس پہنچی۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان نے اسامہ کے بارے میں، پاکستان کو بے خبر رکھ کر کی گئی کارروائی پر سخت ردِّ عمل کا اظہار کیا۔ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے امریکی اور مغربی میڈیا تجزیہ کاروں نے پاکستان پر سنگین الزامات کی بوچھاڑ کر دی۔"

۱: پاکستان در عملیات دستگیری اسامه، امریکا را اغفال کرد.

۲: عملیات یک جانبه امریکا علیه اسامه، باعث ایجاد فضای بی اعتمادی شد.

۳: به خاطر عملیات امریکا علیه اسامه، به اعتماد پاکستان نسبت به امریکا ضربه سختی وارد شد.

۴: پاکستان نسبت به عملیات علیه اسامه، به شدت عکس العمل نشان داد.

موسسه تحقیقاتی آرمان

www.isijournal.net



۱۱۸. کونسی ترکیب، مذکورہ ذیل متن میں موجود تراکیب کا صحیح فارسی ترجمہ نہیں؟

" ترکی کے اعلی سرکاری عہدے دار نے کہا ہے کہ ایران اور ترکی، مزید اقتصادی تعاون میں اضافہ کے لئے، ایک مشترکہ آزاد تجارتی زون قائم کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایران پر عائد پابندیوں میں کمی کے نتیجے میں، ترکی کے بڑے بینک، ایرانی بینکوں کے ساتھ غیر ملکی زر مبادلہ کے لین دین کر سکیں گے۔"

۱: منطقۂ آزاد تجاری

۲: مسئول ردہ بالای ترکیه

۳: تأسیس بانک مشترک بین ایران و ترکیه

۴: همکاری هر چه بیشتر اقتصادی

۱۱۹. ذیل کے متن کے مختلف حصوں میں سے ایک حصے کا صحیح فارسی ترجمہ دیا گیا ہے۔ اس کی نشاندہی کیجیے۔

" مقدمہ کے مدعی، گواہ اور مدعاعلیہان کے عدالت میں نہ پہنچنے کی وجہ سے سماعت ملتوی کی گئی۔ فاضل جج نے پولیس انسپکٹر کو طلب کرکے، گواہوں، ملزماں اور مقدمے سے متعلق ہر شخص کو تحفظ فراہم کرنے کی فوری طور پر ہدایت جاری کی۔ کورٹ بلڈنگ میں قائم کی گئی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے ارد گرد، انتہائی سخت حفاظتی اقدامات کیے گئے۔"

۱: قاضی تمام شاکیان و شاهدها را به دادگاه احضار کرد۔

۲: اطراف دادگاهِ پیشگیری از تروریسم، اقدامات شدید امنیتی به عمل آمد۔

۳: بازرس پلیس، قاضی محترم را به دادگاه دعوت کرد۔

۴: ساختمان دادگستری به دستور قاضی مورد محاصره قرار گرفت۔

۱۲۰. مذکورہ ذیل تراکیب کے ترتیب وار، صحیح اردو ترجمے کونسے ہیں؟

" مراسم نهمین سالگرد وفات "- " غرامت گرفتن "-" آخرین محموله مواد اتمی "-" کشورهای مستعمره "

۱: نویں برسی کی تقریب- ہرجانہ وصول کرنا- ایٹمی مواد کی آخری کھیپ- نوآبادیاتی ممالک

۲: نویں سالگرہ- جرمانہ کرنا- ایٹمی مواد کا آخری ڈھیر- نوآزاد ممالک

۳: نویں سال کی رسم- جرمانہ لینا- ایٹمی مواد کا آخری ٹرک- مملوکہ ممالک

۴: نویں برسی- ہرجانہ دینا- ایٹمی مواد کا آخری کھیپ- نوساختہ ممالک